شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

27مارچ2026ء

پریس ریلیز

امتِ مسلمہ کا آپس میں انتشار جبکہ طاغوتی قوتوں کا متحد ہونا شرم ناک ہے۔

اہلِ اسلام اللہ تعالیٰ سے بے وفائی کے باعث تباہی و بربادی کا شکار ہیں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): امتِ مسلمہ کا آپس میں انتشار جبکہ طاغوتی قوتوں کا متحد ہونا شرم ناک ہے۔اہلِ اسلام اللہ تعالیٰ سے بے وفائی کے باعث تباہی و بربادی کا شکار ہیں۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو نہ مسلم ممالک کے پاس افرادی قوت کی کمی ہے اور نہ ہی اسلحہ و ٹیکنالوجی کی لیکن اِس کے باوجود وہ آپس کی ناچاکی کا شکار ہیں جبکہ دشمن متحد ہے۔پھر یہ کہ مسلم ممالک میں سے کسی کو اللہ تعالیٰ نے خام تیل وزرعی پیداوار سمیت بے تحاشہ قدرتی وسائل سے نوازا ہے تو کسی کو بہترین فوج، ایٹمی صلاحیت اور میزائل ٹیکنالوجی عطا کی ہے۔ عسکری صلاحیت کے جدید ترین ہتھیار مثلاً ڈرون، جامرز، دفاعی شیلڈز، سیٹلائٹ ٹارگٹنگ کے نظام اور سائبر جنگ کے وسائل بھی اللہ تعالیٰ نے مسلم ممالک کو چھپر پھاڑ کر دیے ہیں۔پھر کیا وجہ ہے کہ آج مسلمان انتہائی پستی کے عالم میں ہیں اور تتر بتر دکھائی دیتے ہیں جبکہ طاغوتی قوتیں ایک ایک کرکے سب کو شکار کر رہی ہیں۔ مسلمانوں کے ازلی دشمنوں یعنی اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحادِ ثلاثہ جب کسی ایک مسلم ملک پر حملہ کرتا ہے تو کئی مسلم ممالک مظلوم کی مدد کرنے کی بجائے حملہ آوروں کے ساتھ کھڑے نظر آتے ہیں، جس کی ایک وجہ شاید یہ ہے کہ طاغوتی قوتوں کے فوجی اڈے اُن مسلم ممالک کی سرزمین پر موجود ہیں۔امیر تنظیم نے کہا کہ درحقیقت اِس وقت مسلم ممالک 'وہن' کی اُس بیماری کا شکار دکھائی دیتے ہیں، جس کی تشخیص کرتے ہوئے نبی اکرم ﷺ نے چودہ سو سال قبل فرما دیا تھا کہ یہ ذلت و رسوائی دنیا کی محبت اور موت سے خوف کے باعث ہوگی۔ مسلم ممالک کے چھوٹے چھوٹے مادی مفادات کے حصول کی تگ ودو کا دشمن فائدہ اُٹھا رہا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ اگر آج بھی مسلم ممالک قرآن وسنت کی طرف لوٹ آئیں، اپنے اصل دشمنوں کو پہچان کر آپس کی لڑائیاں ختم کریں اور متحد ہو کر اسلام دشمن طاغوتی قوتوں کو للکاریں تو اللہ تعالیٰ کی مدد اُن کے شاملِ حال ہوگی۔اِسی صورت میں باطل قوتوں کے مذموم مقاصد کو بھی ناکام بنایا جا سکے گا اور ایک بڑے مقصد کے حصول کی خاطر علاقائی و مسلکی انتشار بھی پسِ پشت چلا جائے گا، جس سے اسلام کا بول بالا ہوگا۔اللہ تعالیٰ مسلم ممالک کے حکمرانوں، ریاستی اداروں اور عوام کو ہدایت عطا فرمائے۔آمین!

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: March 27th, 2026

Disunity within the Muslim Ummah while Taghut forces remain united is shameful. Muslims are facing destruction and ruin due to their disloyalty to Allah (*SWT*). (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that when viewed collectively, Muslim countries neither lack manpower nor weapons and technology, yet despite this they are plagued by internal divisions while the enemy remains united. He said that among Muslim countries, some have been blessed by Allah (*SWT*) with abundant natural resources such as oil and agricultural output, while others possess strong militaries, nuclear capability, and missile technology. Advanced military capabilities such as drones, jammers, defense shields, satellite targeting systems, and cyber warfare tools have also been granted to Muslim countries in abundance by Allah (*SWT*). He questioned why, despite all this, Muslims today are in a state of extreme decline and fragmentation while Taghut forces are systematically targeting them one by one. He said that when the satanic alliance of three — Israel, America, and India — attacks any Muslim country, many Muslim states, instead of supporting the oppressed, are seen standing alongside the aggressors, one reason for which may be the presence of military bases of Taghut forces on their soil.

Shujauddin Shaikh said that in reality Muslim countries today appear to be afflicted with the disease of "wahn," which the Prophet Muhammad (*SAAW*) had identified fourteen centuries ago as a condition marked by love of the world and fear of death, leading to humiliation and disgrace. He said that the enemy is exploiting the pursuit of narrow material interests among Muslim countries. He emphasized that even today, if Muslim nations return to the Qur'an and Sunnah, recognize their real enemies, end their internal conflicts, and unite to confront the Islamophobic Taghut forces, then the help of Allah (*SWT*) will be with them. Only then will it be possible to defeat the sinister objectives of falsehood, and regional and sectarian divisions will recede in pursuit of a greater cause, leading to the supremacy of Islam. He prayed that Allah (*SWT*) grant guidance to the rulers, state institutions, and the people of Muslim countries. Ameen.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat